## متحدہ قومی موومنٹ کے اندرون سندھ کے زونوں کا ورکرز کنونشن کل بروز بدھ حیدرآباد اور سکھر میں ہوگا
## کنونشن سے ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین لندن سے بذریعہ ٹیلیفون خطاب کریں گے
## حیدرآباد میں کنونشن پکا قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا جبکہ سکھر میں کنونشن منزل گاہ گراؤنڈ میں منعقد ہوگا

کراچی۔۔۔29 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اندرون سندھ کے زونوں کے کارکنوں کا کنونشن کل بروز بدھ حیدرآباد اور سکھر میں ہوگا۔کنونشن میں سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے بذریعہ ٹیلیفون خطاب کریں گے۔کنونشن میں اندرون سندھ کے تمام زونوں کے ذمہ داران، کارکنان بشمول خواتین کارکنان شرکت کریں گے۔کنونشن کے سلسلے میں اندرون سندھ کے زونوں کو دوحصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔حیدرآباد میں ہونے والے کنونشن میں حیدرآباد کے ساتھ ساتھ نوابشاہ، میرپورخاص، سانگھڑ، عمرکوٹ، جامشورو، ٹنڈوالہ یار، بدین، ٹھٹھہ اور دادو زونوں کے کارکنان شرکت کریں گے۔جبکہ سکھر میں ہونے والے کنونشن میں سکھر کے ساتھ ساتھ جیکب آباد، خیرپور، شکارپور، کشمور، لاڑکانہ، قمبر شہدادکوٹ، نوشہروفیروز اور گھوٹکی زونوں کے کارکنان شریک ہوں گے۔حیدرآباد میں کنونشن پکا قلعہ گراؤنڈ میں ہوگا جبکہ سکھر میں کنونشن منزل گاہ گراؤنڈ میں منعقد ہوگا۔سندھ ورکرز کنونشن کے سلسلے میں ایم کیو ایم کے حیدرآباد اور سکھر زون کی جانب سے تیاریاں کی جارہی ہیں۔کنونشن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا خطاب سہ پہر 3 بجے ہوگا۔کنونشن کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کیلئے ایم کیو ایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان حیدرآباد اور سکھر پہنچ گئے ہیں۔

## محرم الحرام میں عاشورہ کے موقع پر مثالی خدمات انجام دینے پر سندھ بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے تمام عہدیداروں اور نوجوان اسکاؤٹس کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔29 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے محرم الحرام میں عاشورہ کے موقع پر نکالے جانے والے جلوسوں اور سوگواران حسینؑ کی رہنمائی اور مثالی خدمات انجام دینے پر سندھ بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے نوجوان اسکاؤٹس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نوجوان اسکاؤٹس ہر اہم موقع پر شہریوں کی جس طرح خدمت کررہے ہیں وہ ایک مثال ہے اور نوجوانوں کیلئے قابل تقلید ہے۔جناب الطاف حسین نے سندھ بوائے اسکاؤٹس ایسوسی ایشن کے تمام عہدیداروں اور نوجوان اسکاؤٹس کو دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ انسانیت کی خدمت کے جذبہ کے تحت اسی طرح شہریوں کی بلاامتیاز خدمت کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔

## 27 دسمبر کو معصوم و بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنائے جانے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے والی نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیمیں اور نام نہاد سول سوسائٹی انسانیت کے نام پر بدنما داغ ہیں۔شعبہ خواتین متحدہ قومی موومنٹ

کراچی۔۔۔29 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے شعبہ خواتین نے کہا ہے کہ 27 دسمبر کو کراچی سمیت سندھ بھر میں معصوم و بے گناہ شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنائے جانے، شہریوں کی دکانوں، فیکٹریوں، گھروں اور املاک کو لوٹنے، جلانے حتیٰ کہ انسانوں تک کو زندہ جلائے جانے پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے والی نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیمیں اور نام نہاد سول سوسائٹی انسانیت کے نام پر بدنما داغ ہیں۔اپنے ایک بیان میں شعبہ خواتین نے کہا کہ 27 دسمبر کو کراچی سمیت سندھ بھر میں مسلح دہشت گردوں نے جس طرح معصوم شہریوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا ہے اور جس طرح زندہ انسانوں کو اپنی بربریت کا نشانہ بنایا ہے اور ظلم و بربریت کا جو بازار گرم کیا ہے وہ ناقابل فراموش ہے لیکن عوام یہ دیکھ رہے ہیں دن رات اٹھتے بیٹھتے انسانی حقوق کے علمبردار بننے والی انسانی حقوق کی تنظیمیں اور نام نہاد سول سوسائٹی نے جس طرح مجرمانہ خاموشی اختیار کی ہے وہ اب تک ایک سوال بنی ہوئی ہے۔شعبہ خواتین کی ارکان نے سوال کیا کہ کیا زندہ جلائے جانے والے اور دہشت گردی کا نشانہ بننے والے معصوم شہری انسان نہیں تھے؟ کیا ظلم و بربریت پر آواز اٹھانا ان انسانی حقوق کی تنظیموں اور نام نہاد سول سوسائٹی کا فرض نہیں تھا؟ شعبہ خواتین کی ارکان نے کہا کہ نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیمیں اور نام نہاد سول سوسائٹی نے جس طرح مجرمانہ خاموشی اختیار کی ہے اس نے ان نام نہاد انسانی حقوق کی تنظیموں اور نام نہاد سول سوسائٹی کا اصل بدنما چہرہ بے نقاب

کر دیا ہے۔

## محمود آباد کی اعوان، آرائیں اور گجر برادری کے معززین کی جانب سے ایم کیوایم کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 114 عبد الرؤف صدیقی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے عوام کی فلاح و بہبود کے صرف دعوے نہیں کیے بلکہ عملی جدوجہد کر کے اپنی سچائی کو بھی ثابت کیا ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز محمود آباد کے علاقے عیدگاہ چوک، منظور کالونی، مریم مسجد، فرنیچر مارکیٹ، گجر چوک میں اعوان برادری کے ملک حمید اعوان، آرائیں برادری کے میاں رفیق اور گجر برادری کے شریف گجر و معززین سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر اعوان برادری، آرائیں برادری اور گجر برداری کے نمائندوں نے حق پرست امیدواروں کو آئندہ انتخابات میں اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ وسیم اختر اور عبدالرؤف صدیقی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو ختم کرنے کی جدوجہد کر رہی ہے اس لئے متحدہ قومی موومنٹ کو حق پرستی کی جدوجہد سے باز رکھنے کیلئے ماضی میں ریاستی مظالم کا نشانہ بنایا گیا لیکن تمام تر سازشوں اور زہریلے پروپیگنڈوں کے باوجود آج ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں پھیل رہا ہے اور کراچی سے کشمیر تک ہر شہر اور دیہات میں بسنے والے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے اور آئندہ انتخابات میں عوام حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرا کر گزشتہ 60 برس کے سیاسی جمود کو توڑ دیں گے۔

## نواب شاہ تعلقہ کے سابق ناظم رضا احمد قائم خانی اور یوسی گھنتھڑ کے سابق یوسی ناظم شیر محمد جمالی کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب سے ملاقات۔ ایم کیوایم کے امیدواروں کی حمایت

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔نواب شاہ تعلقہ کے سابق ناظم رضا احمد قائم خانی اور نوابشاہ کی یوسی گنتھڑ کے سابق یوسی ناظم شیر محمد جمالی نے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب سے ملاقات کی اور حق پرست قیادت کی جانب سے بلاتفریق کرائے گئے ترقیاتی و تعمیراتی کاموں کو سراہا۔ اس موقع پر حق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی ڈاکٹر ایوب شیخ بھی موجود تھے۔ رضا احمد قائم خانی اور شیر محمد جمالی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی بڑھتی ہوئی مقبولیت جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی کو ثابت کرتی ہے اور ہمیں امید ہے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا قیام ہی بلاتفریق خدمت انسانیت کے نظریئے کے تحت عمل میں آیا ہے اور ایم کیوایم تمام تر رکاوٹوں کے باوجود مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## سائٹ ٹاؤن یوسی 7 کے جنرل کونسلر انور علی اور پختون عمائدین کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔سائٹ ٹاؤن یوسی 7 کے جنرل کونسلر انور علی، پختون عمائدین بڑا خان اور حکیم خان نے حق پرست امیدوار برائے این اے 241 اقبال قادری اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 93 صلاح الدین کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز اسلامیہ محلّہ یوسی 7 سائٹ ٹاؤن میں منعقدہ کارنر میٹنگ کے موقع پر کیا جس میں پختون نوجوانوں، بزرگوں اور عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کارنر میٹنگ میں حق پرست امیدواروں کی حمایت کا اعلان کرنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست قیادت نے کراچی میں جو ترقیاتی کام کرائے ہیں وہ پچھلے 60 برس میں نہیں ہوئے، فرنٹیئر کالونی میں حق پرست قیادت نے پانی جیسی نعمت فراہم کی اور اس بنیادی ضرورت کو اس سے قبل یہاں سے منتخب ہونے والے ہر کونسلر، یوسی ناظم، ٹاؤن ناظم اور ایم این اے، ایم پی اے ہمیشہ نظرانداز کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم تمام پختون عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو سلام تحسین پیش کرتے ہیں اور آئندہ انتخابات میں ہم حق پرست امیدواروں کے حق میں ہی اپنے ووٹ کا استعمال کریں گے تاکہ حق پرست قیادت بلاتفریق عوامی خدمت کے عمل کو جاری رکھ سکے۔ قبل ازیں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست امیدوار اقبال قادری اور صلاح الدین نے کہا کہ پختون قوم کی بات کرنے والے نام نہاد جماعتوں کے رہنماؤں نے ہمیشہ پختون قوم سے قوم پرستی اور اسلام کے نام پر ووٹ حاصل کئے لیکن اسلامی تعلیمات پر ذرا برابر بھی عمل درآمد نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ کراچی کے زیادہ تر پختون علاقے پسماندگی کا شکار ہیں۔ انہوں نے

کہا کہ حق پرست قیادت ترقی وخوشحالی کی نوید لیکر آئی ہے اور انشاء اللہ حق پرست قیادت تمام قومیتوں اور برادریوں کے مسائل مساوی بنیاد پر حل کرتی رہے گی۔انہوں نے پختون عمائدین اور جنرل کونسلر انور علی کی جانب سے حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان کا خیر مقدم کیا اور شرکاء پر زور دیا کہ وہ گھر گھر جا کر عوامی رابطہ مہم جاری رکھیں اور پختون عوام کو زیادہ سے زیادہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے سے آگاہ کریں۔

## صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینے سے ہی ملک وقوم کا سفر مثبت سمت میں جاری رکھا جاسکتا ہے،شیخ صلاح الدین

## ماڈرن کمپلیکس نارتھ کراچی،بفرزون اور گلشن وسیم میں کارنر میٹنگز سے خطاب

کراچی۔۔۔29،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے قومی اسمبلی 244 شیخ صلاح الدین نے کہا ہے کہ تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خود مختاری دینے سے ہی ملک وقوم کا سفر مثبت سمت میں جاری رکھا جاسکتا ہے۔یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ماڈرن کمپلیکس سیکٹر 11 آئی نارتھ کراچی،سیکٹر 15-B بفرزون اور KBR گلشن وسیم میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔کارنر میٹنگوں میں علاقے کے نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ صوبائی خودمختاری کی مکمل حمایت کرتی ہے اور اس کے منشور میں تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینے کا مطالبہ بنیادی طور پر شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ صوبوں اور انکے عوام کے درمیان مکمل ہم آہنگی،بھائی چارے اور پیار ومحبت کی فضا قائم کررہی ہے اور اس فضا کو مزید مضبوط کرنے کیلئے تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دینا ناگزیر ہے۔شیخ صلاح الدین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں اور پتنگ کے نشان پر مہر لگائیں۔

## عام انتخابات میں عوام کو اپنا ووٹ قوم کی امانت سمجھ کر استعمال کرنا چاہئے۔طاہر قریشی

## اللہ مہر چوک،گارڈن ویسٹ اور صدیق وہاب روڈ پر منعقدہ انتخابی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔29،جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے پی ایس 111 طاہر قریشی نے کہا ہے کہ 18 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں عوام کو اپنا ووٹ قوم کی امانت کے سمجھ کر استعمال کرنا چاہئے اور اس دن عوام کو فیصلہ کرنا ہوگا کہ وہ لیٹرے اور غاصب لیڈران چاہتے ہیں یا عوامی خدمتگار اور محافظ چاہتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب کے علاقوں اللہ مہر چوک،گارڈن ویسٹ اور صدیق وہاب روڈ پر منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا جن میں لیاری کے نوجوانوں،بزرگوں اور خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔طاہر قریشی نے کہا کہ 27 دسمبر سانحہ راولپنڈی کے افسوسناک واقعہ میں محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کا دکھ جس طرح پیپلز پارٹی کے کارکنان کو ہے اسی طرح ایم کیوایم کے کارکنان بھی اس دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹو کی شہادت کے بعد کراچی سمیت سندھ بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر،الیکشن آفسز اور کارکنان کے گھروں اور املاک پر نقصان پہنچایا گیا اور انہیں نذر آتش کیا گیا لیکن قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ایم کیوایم کے پرعزم کارکنان نے اس مرتبہ بھی صبر وتحمل کا مظاہرہ کیا اور سازشی عناصر کی تمام سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیا۔طاہر قریشی نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ الیکشن میں اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے پورا کریں اور ترقی وخوشحالی کے دور کو جاری رکھنے کیلئے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

## عوام آئندہ انتخابات میں سیاسی ومذہبی جماعتوں کے لیٹرے اور غاصب لیڈروں کو مسترد کردیں،علیم الرحمٰن

## کورنگی نمبر 11/2،سیکٹر 32/A اور سیکٹر 48/H میں منعقدہ عوامی اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔29،جنوری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 124 کی نشست پر نامزد متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار علیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ قوموں کی ترقی وخوشحالی میں غریب ومتوسط طبقے کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے اور ایم کیوایم ملک کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے کی قیادت سے جنم لیا ہے۔یہ بات

انہوں نے گزشتہ روز اپنے حلقہ انتخاب علاقے کورنگی نمبر 11/2، سیکٹر 32/A اور سیکٹر 48/H میں منعقدہ اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ علیم الرحمان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آئندہ انتخابات میں ملک سے الیکشن میں حصہ لے رہی ہے اور ملک بھر سے ایم کیو ایم نے انتخابی ٹکٹ کیلئے مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے غریب و متوسط طبقے کے افراد کو ہی ترجیح دی ہے تاکہ وہ منتخب ہونے کے بعد ملک کے ایوانوں میں عوامی مسائل کے حل کیلئے خود آواز بلند کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ 2 فیصد مراعات یافتہ طبقے کی حکمرانی کے خاتمے اور 98 فیصد غریب و متوسط طبقے کے عوام کے جائز حقوق کے حصول تک اپنی حق پرستانہ جدوجہد جاری رکھے گی۔ علیم الرحمٰن نے عوام سے اپیل کی کہ وہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے لیٹرے اور غاصب لیڈروں کو مسترد کرکے اہلیت اور قابلیت رکھنے والے حق پرست امیدواروں کو بھاری اکثریت سے ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کے منشور میں ملک و قوم کے تمام مسائل کا حل موجود ہے، محترمہ خوش بخت شجاعت، عسکری تقوی

## انتخابی مہم کے سلسلے میں ڈولی کھاتہ میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے حق پرست امیدواران کا خطاب

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست امیدوار برائے این اے 250 محترمہ خوش بخت شجاعت اور حق پرست امیدوار پی ایس 117 عسکری تقوی نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے منشور میں ملک و قوم کے تمام مسائل کا حل موجود ہے اور حق پرست قیادت انشاءاللہ عوام کی بھرپور حمایت سے آئندہ انتخابات میں کامیابی حاصل کرے گی۔ یہ بات انہوں نے ڈولی کھاتہ میں منعقدہ عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ حق پرست امیدواران نے کہا کہ ایم کیو ایم کے منشور میں صحت، تعلیم اور بنیادی سہولیات سب کیلئے یکساں طور پر مانگی گئیں ہیں اور عوام کی ان بنیادی سہولیات کا حصول باعمل حق پرست قیادت ہی کرسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے منشور میں عوامی خدمت کے بلند و بانگ دعوے کئے جاتے ہیں لیکن انتخابات میں عوام سے ووٹ لینے کے بعد یہ اپنے منشور اور عوامی خدمت کے نعروں کو نہ صرف بھول جاتے ہیں بلکہ اپنی پارٹی اور اپنے ذاتی مفادات کے حصول میں مگن ہوجاتے ہیں۔ انہوں نے ایسے سیاستدانوں کی بدولت ہی آج ملک گوناگوں مسائل کی آماجگاہ بن چکا ہے، طالبانائزیشن، دہشت گردی، تخریب کاری اور بم دھماکے دراصل ملک و قوم کو تباہی و بربادی کی جانب لے جانے کیلئے کئے جارہے ہیں اور ایسے نازک حالات میں نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کا کردار عوام کھلی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ محترمہ خوش بخت شجاعت اور عسکری تقوی نے کہا کہ ایم کیو ایم آئندہ انتخابات میں بھرپور کامیابی حاصل کرکے اپنی عوامی پالیسیوں کو جاری رکھے گی اور انشاءاللہ اس تسلسل کو توڑنے کی سازشیں کرنے والوں کی تمام سازشوں کو ناکام بنادے گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ آئندہ انتخابات میں بھرپور کامیابی کے بعد مثبت اصلاحات لے کر آئے گی

## حق پرست امیدواران عبدالحسیب اور خواجہ سہیل منصور کا اجمیری چوک پر منعقدہ انتخابی اجتماع سے خطاب

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج و حق پرست امیدوار عبدالحسیب اور حق پرست امیدوار برائے این اے 240 خواجہ سہیل منصور نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ افراط زر میں اضافہ کے مطابق کیا جائے اور غریب و کم آمدنی والے افراد پر سے ٹیکسوں کا بوجھ کم کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے اجمیری چوک پر منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا کارنر میٹنگ میں علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے حق پرست امیدواران کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں آئندہ انتخابات میں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ عبدالحسیب اور خواجہ سہیل منصور نے کہا کہ ملک کا محنت کش طبقہ ہی ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ محنت کشوں کے جائز حقوق کے تحفظ کیلئے ہر سطح پر آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آئندہ انتخابات میں بھرپور کامیابی کے بعد ملک بھر میں مثبت اصلاحات لے کر آئے گی جن سے غریب و متوسط طبقے کے افراد برابری کی بنیاد پر مستفید ہوسکیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ تمام قومیتوں اور برادریوں کے بنیادی حقوق پر یقین رکھتی ہے، ڈاکٹر صغیر احمد

## گارڈن کے علاقے پرنس ایونیو میں رابطہ مہم کے دوران حق پرست امیدوار کی لوگوں سے بات چیت

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 117 کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ تمام قومیتوں اور برادریوں کے بنیادی حقوق پر نہ صرف یقین رکھتی ہے بلکہ تمام قومیتوں اور برادریوں کے جائز حقوق کا حصول ہی ایم کیو ایم کا مشن و مقصد ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز گارڈن کے علاقے پرنس ایونیو میں عوامی رابطہ مہم کے دوران لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا۔اس موقع پر شعبہ خواتین لیاری سیکٹر کی کارکنان بھی انکے ہمراہ تھیں جنہوں نے رابطہ مہم کے دوران حق پرست امیدوار ڈاکٹر صغیر احمد کا خواتین سے خصوصی طور پر تعاوف کرایا اور اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے دن اپنے قیمتی ووٹ کا استعمال حق پرست امیدواروں کے حق میں ہی کریں۔قبل ڈاکٹر صغیر احمد نے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں حق پرستی کا قافلہ اپنی منزل پر ضرور پہنچے گا اور حق پرستی کی تحریک میں جن لوگوں نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے ہیں انہیں رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم امن پسند جماعت ہے اور ملک کے جغرافیہ میں رہتے ہوئے تمام اپنے مشن، مقصد اور نظریئے کی کامیابی چاہتی ہے۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 125 کے شہید کارکن محمد امان کے بھائی محمد اقبال، ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 01 کے کارکن نعیم خان کے والد محبت خان، ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکن شوکت کے بہنوئی محمد رفیق اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 152 کے کارکن محمد علی عمران کے والد شمیم احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیو ایم کی جانب سے لیاقت آباد کے مختلف علاقوں میں آٹے کے 6 ہزار تھیلے رعایتی نرخ پر تقسیم کئے گئے

کراچی ۔۔۔29، جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف علاقوں میں رعایتی نرخ پر عوام کو آٹے کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں منگل کے روز رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست امیدوار برائے پی ایس 106 شعیب احمد بخاری نے لیاقت آباد کے اپسرا اپارٹمنٹ، بی ایریا، بی ون ایریا اور اے ایریا کے عوام میں 10 کلو والے آٹے کے 6 ہزار تھیلے رعایتی نرخ پر تقسیم کئے۔علاقے کے نوجوانوں، بزرگوں، خواتین اور بچوں نے قطاروں میں لگ کر آٹا حاصل کیا اور ایم کیو ایم کی جانب سے آٹے کی رعایتی نرخ پر فراہمی پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت و تندرستی کیلئے دعائیں کیں۔اس موقع پر شعیب بخاری نے لوگوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آٹے کا بحران پیدا کرنے والے عناصر سخت ترین سزا کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ آٹے کا بحران دراصل عوام مشکلات اور پریشانیوں میں اضافہ کیلئے اور مفادات کے حصول کیلئے پیدا کیا گیا ہے جس کی ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو مذمت کرنی چاہیئے اور اس عمل میں ملوث عناصر کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرنی چاہیئے۔انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کو آٹے کی فراہمی مقررہ ریٹ پر یقینی بنائی جائے۔

## ایم کیو ایم خدمت کے بغیر سیاست کو کھلی منافقت تصور کرتی ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## مخالفین کو ہماری عوامی خدمات دیکھنے کیلئے منافقت کا چشمہ اتارنا ہوگا، رنچھوڑ لائن میں کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی.....29 جنوری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور حق پرست امیدوار برائے حلقہ NA249 ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور خدمت کے بغیر سیاست کو کھلی منافقت تصور کرتی ہے، متحدہ قومی موومنٹ نے ماضی میں عوام کی جو مثالی خدمت کی ہے اس سے کوئی بھی ذی شعور انسان انکار نہیں کرسکتا ہے تاہم مخالفین کو ہماری عوامی خدمات دیکھنے کیلئے منافقت کا چشمہ اتارنا ہوگا یہ بات انہوں نے گزشتہ روز انتخابی مہم کے

سلسلے میں رنچھوڑ لائن میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر مختلف برادریوں کے رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدوارں کی کامیابی یقینی ہے اس مرتبہ بھی عوام ایم کیو ایم پر اعتماد کریں گے کراچی اور سندھ میں ترقیاتی کاموں کا تسلسل پوری رفتار سے جاری رہے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ انتخابات میں ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواروں کو زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کریں۔ اس موقع پر حق پرست امیدواران برائے صوبائی اسمبلی حلقہ PS111 محمد طاہر اور حلقہ PS110 شعیب ابراہیم بھی موجود تھے جبکہ مارواڑی برادری نے حق پرست امیدوارں کی مکمل حمایت کا بھی اعلان کیا ہے۔

☆☆☆☆☆